95225 ـ خاوند نے حیض کے بعد طہر میں طلاق دینے کا وعدہ کیا

سوال

میرے اور خاوند کے مابین کچھ پرابلم ہوئی تو خاوند مجھے ہر چھوٹی بڑی بات پر زدکوب کرنے لگا، چنانچہ میں اپنی پڑوسن کے ہاں چلی گئی اور گھر آنے سے انکار کر دیا تو خاوند مجھے کہنے لگا:
ایك ماہ کے لیے اپنے گھر آجاؤ جب تمہیں حیض آئیگا اور پھر حیض سے پاك ہونے پر میں تمہیں طلاق دے دونگا، اس لیے میں اپنے گھر واپس آ گئی کہ خاوند مجھے طلاق دے دیگا، لیکن وہ بعد میں کہنے لگا:
میری نیت طلاق دینا نہ تھی بلکہ میری کلام کا مقصد تو یہ تھا کہ سنت کے مطابق طلاق یہ ہے کہ وہ حیض کے بعد ایسے طہر میں ہو جس میں جماع نہ کیا گیا ہو، لیکن میں اس کی بات سے انکار کرتی ہوں کیونکہ اس نے یہ بات اس وقت کہی جب میں اپنی پڑوسن کے ہاں تھی اس نے مجھے مطمئن کرنے کے لیے کہا کہ وہ حیض کے بعد طلاق دے دیگا، تو کیا اس سے طلاق واقع ہو گئی ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

خاوند کا اپنی بیوی سے کہنا: " تم اولاد کے پاس ایك ماہ اپنے گھر آجاؤ جب حیض آئیگا اور طہر میں آپ کو طلاق دے دونگا " اس سے طلاق واقع نہیں ہوتی، کیونکہ یہ تو طلاق دینے کا وعدہ ہے اس سے طلاق اس وقت تك نہیں ہوگی جب تك حیض کے بعد خاوند طلاق نہ دے.

ہو سکتا ہے انسان بیوی کو طلاق دینے کا عزم کرے اور پھر اسے ختم کر دے اور طلاق دینے کا عزم ختم کر دے، ہو سکتا ہے اسی میں اس کے لیے اور اس کی اولاد کی بھلائی ہو.

واجب تو یہ ہے کہ خاوند اور بیوی آپس میں حسن معاشرت اختیار کریں، اور خاوند کے لیے بیوی کو زدکوب کرنا جائز نہیں، ہاں جب بیوی نافرمانی کرے اور وعظ و نصیحت اور بستر سے علیحدہ ہونے پر بھی بیوی اطاعت نہ کرے تو پھر تھوڑی سی مار دینا جائز ہے، لیکن اس میں بھی چہرہ پر مارنے سے اجتناب کرنا چاہیے، اور زیادہ مارنا جائز نہیں کہ ہڈی توڑ دے یا پھر زخم کر دے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

مرد عورتوں پر حاکم ہیں اس وجہ سے کہ اللہ تعالی نے ایك کود وسرے پر فضیلت دی ہے، اور اس وجہ سے کہ

مردوں نے اپنے مال خرچ کیے ہیں، پس نیك و فرمانبردار عورتیں خاوند کی عدم موجودگی میں بہ حفاظت الہی نگہداشت رکھنے والیاں ہیں، اور جن عورتوں کی نافرمانی اور بددماغی کا تمہیں خوف ہو انہیں نصیحت کرو، اور انہیں الگ بستروں پر چھوڑ دو، اور انہیں مار کی سزا دو، پھر اگر وہ تابعداری کریں تو ان پر کوئی راستہ تلاش نہ کرو، بےشك اللہ تعالی بڑی بلندی والا اور بڑائی والا ہے النساء (34).

اللہ سبحانہ و تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ دونوں کے حالات کی اصلاح فرمائے.

واللہ اعلم .